PROGRAMME

Talim

2026-2027

TALIM



TALIM

Le thème de l’année 2026-2027

Le bienfaiteur de l’humanité (saw)

سالانہ موضوع

محسنِ انسانیت ﷺ

Serment d'Allégeance

عہد خدام الاحمدیہ

اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰـهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ

وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ

میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں۔

اور میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد ﷺ اسکے بندے اور اسکے رسول ہیں۔

میں اقرار کرتا ہوں کہ دینی، قومی اور ملی مفاد کی خاطر میں اپنی جان، مال وقت اور عزت کو قربان کرنے کے لیے ہر دم تیار رہوں گا۔اسی طرح خلافتِ احمدیہ کے قائم رکھنے کی خاطر ہر قربانی کے لیے تیار رہوں گا اور خلیفہءِ وقت جو بھی معروف فیصلہ فرمائیں گے اس کی پابندی کرنی ضروری سمجھوں گا۔انشاءاللہ

J'atteste qu'il n'y a d'autre Dieu qu'Allah, Il est unique et Il n'a pas de partenaire.
Et je témoigne que Muhammad[saw] est Son Serviteur et Son Messager.

Je jure solennellement que je serai toujours prêt à sacrifier ma vie, mes biens, mon temps et mon honneur pour la cause de ma foi, de mon pays et de ma communauté. De même je serai toujours prêt à offrir n'importe quel sacrifice pour maintenir l'institution du Califat. Et je considère essentiel de me soumettre à toutes décisions conformes aux préceptes islamiques prises par le Calife régnant, incha'Allah.

Sommaire

Serment d'Allégeance 5
Traduction du Saint Coran 9
Hadiths 19
Prières 38
Tilawat 43
Poème 46
Mémorisation du Saint Coran 49
Prix spécial 50
Quiz 52
Discours urdu et français 53
Discours improvisé urdu et français 54
Adhan 55
Compétition de dissertation 56
Compétitions Ijtema Nationale 57
Compétitions Ijtema Locale 58

Traduction du Saint Coran

ترجمۃ القرآن

◆ RÈGLES ◆

- La traduction mot à mot des versets vous sera demandée par écrit.
- آیات کا لفظی ترجمہ تحریری طور پر پوچھا جائے گا۔

1

وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿١٠٨﴾

Nous ne t’avons envoyé que comme une miséricorde pour tous les peuples. (21:108)

اور ہم نے تجھے نہیں بھیجا مگر تمام جہانوں کے لئے رحمت کے طور پر۔

Et Nous ne t’avons envoyé	وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ	اور ہم نے تجھے نہیں بھیجا
que comme	اِلَّا	مگر
une miséricorde	رَحْمَةً	رحمت کے طور پر
pour tous les peuples	لِّلْعٰلَمِيْنَ	تمام جہانوں کے لئے

2

قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ
وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ ۭ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۳۲

Dis : Si vous aimez Allāh, alors suivez-moi, Allāh vous aimera et vous pardonnera vos péchés, et Allāh est Très-Pardonnant, Miséricordieux. (3:32)

تُو کہہ دے اگر تم اللہ سے محبت کرتے ہو تو میری پیروی کرو اللہ تم سے محبت کرے گا، اور تمہارے گناہ بخش دے گا۔ اور اللہ بہت بخشنے والا (اور) بار بار رحم کرنے والا ہے۔

Dis	قُلْ	تُو کہہ دے
si vous	اِنْ كُنْتُمْ	اگر تم ہو
aimez Allāh	تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ	اللہ سے محبت کرتے
alors suivez-moi	فَاتَّبِعُوْنِيْ	تو میری پیروی کرو
Allah vous aimera	يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ	اللہ تم سے محبت کرے گا
et vous pardonnera	وَيَغْفِرْ لَكُمْ	اور بخش دے گا تمہارے لئے
vos péchés	ذُنُوْبَكُمْ	تمہارے گناہ
et Allāh	وَاللّٰهُ	اور اللہ
est Très-Pardonnant	غَفُوْرٌ	بہت بخشنے والا
Miséricordieux.	رَّحِيْمٌ	بار بار رحم کرنے والا ہے۔

3

اَلَّذِيْنَ يَتَّبِعُوْنَ الرَّسُوْلَ النَّبِيَّ الْاُمِّيَّ الَّذِيْ يَجِدُوْنَهٗ مَكْتُوْبًا
عِنْدَهُمْ فِي التَّوْرٰىةِ وَالْاِنْجِيْلِ ۡ يَاْمُرُهُمْ بِالْمَعْرُوْفِ وَيَنْهٰىهُمْ
عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُحِلُّ لَهُمُ الطَّيِّبٰتِ وَيُحَرِّمُ عَلَيْهِمُ الْخَبٰٓئِثَ
وَيَضَعُ عَنْهُمْ اِصْرَهُمْ وَالْاَغْلٰلَ الَّتِيْ كَانَتْ عَلَيْهِمْ ؕ فَالَّذِيْنَ
اٰمَنُوْا بِهٖ وَعَزَّرُوْهُ وَنَصَرُوْهُ وَاتَّبَعُوا النُّوْرَ الَّذِيْٓ اُنْزِلَ مَعَهٗٓ ۙ
اُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۱۵۸﴾

Ceux qui suivent le Messager, le Prophète, l'Illettré, qu'ils trouvent mentionné dans la Torah et l'Evangile qu'ils ont avec eux. Il leur enjoint le bien et leur interdit le mal, leur rend licites les choses saines et leur interdit les choses malsaines, et leur ôte leurs fardeaux et les entraves qui pesaient sur eux. Ceux donc qui croiront en lui, qui l'honoreront et lui viendront en aide et suivront la lumière descendue avec lui – ceux-là prospéreront. (7:158)

جو اس رسول نبی اُمی پر ایمان لاتے ہیں جسے وہ اپنے پاس تورات اور انجیل میں لکھا ہوا پاتے ہیں۔ وہ ان کو نیک باتوں کا حکم دیتا ہے اور انہیں بُری باتوں سے روکتا ہے اور اُن کے لئے پاکیزہ چیزیں حلال قرار دیتا ہے اور اُن پر ناپاک چیزیں حرام قرار دیتا ہے اور اُن سے اُن کے بوجھ اور طوق اتار دیتا ہے جو اُن پر پڑے ہوئے تھے۔ پس وہ لوگ جو اس پر ایمان لاتے ہیں اور اسے عزت دیتے ہیں اور اس کی مدد کرتے ہیں اور اس نور کی پیروی کرتے ہیں جو اس کے ساتھ اتارا گیا ہے یہی وہ لوگ ہیں جو کامیاب ہونے والے ہیں۔

Ceux qui	اَلَّذِيْنَ	وہ جو
suivent	يَتَّبِعُوْنَ	پیروی کرتے ہیں
le Messager	الرَّسُوْلَ	رسول
le Prophète	النَّبِيَّ	نبی
l'Illettré	الْاُمِّيَّ	اُمی کی
celui que	الَّذِيْ	جسے وہ
ils trouvent	يَجِدُوْنَهٗ	پاتے ہیں
écrit	مَكْتُوْبًا	لکھا ہوا
chez eux	عِنْدَهُمْ	ان کے پاس
Dans la Torah	فِي التَّوْرٰىةِ	تورات میں
et l'Evangile	وَالْاِنْجِيْلِ	اور انجیل
Il leur enjoint	يَاْمُرُهُمْ	وہ انہیں حکم دیتا ہے
le bien	بِالْمَعْرُوْفِ	معروف بات کا
et leur interdit	وَيَنْهٰهُمْ	اور انہیں روکتا ہے
le mal	عَنِ الْمُنْكَرِ	بُری بات سے
et rend licites pour eux	وَيُحِلُّ لَهُمُ	اور وہ حلال قرار دیتا ہے ان کے لئے
les choses saines	الطَّيِّبٰتِ	پاکیزہ چیزیں
et interdit	وَيُحَرِّمُ	اور وہ حرام کرتا ہے

à eux	عَلَيْهِمُ	ان پر
les choses malsaines	الْخَبٰٓئِثَ	ناپاک چیزیں
et enlève	وَيَضَعُ	اور وہ اتارتا ہے
d’eux	عَنْهُمْ	ان سے
leurs fardeaux	اِصْرَهُمْ	ان کے بوجھ
et les entraves	وَالْاَغْلٰلَ	اور طوق
qui	الَّتِيْ	جو
étaient	كَانَتْ	تھے
sur eux	عَلَيْهِمْ	ان پر
Donc, ceux qui	فَالَّذِيْنَ	پس وہ جو
croiront en lui	اٰمَنُوْا بِهٖ	ایمان لائے اس پر
et l’honoreront	وَعَزَّرُوْهُ	اور انہوں نے اسے عزت دی
et lui viendront en aide	وَنَصَرُوْهُ	اور انہوں نے اس کی مدد کی
et suivront	وَاتَّبَعُوا	اور انہوں نے پیروی کی
la lumière	النُّوْرَ	نور
qui	الَّذِيْٓ	جو
a été descendue	اُنْزِلَ	اتارا گیا
avec lui	مَعَهٗٓ	اس کے ساتھ

ce sont eux	اُولٰٓئِكَ	یہی وہ لوگ ہیں
qui prospéreront.	هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ	جو کامیاب ہونے والے ہیں

4

وَاِنَّكَ لَعَلٰى خُلُقٍ عَظِيْمٍ ۝٥

Et tu possèdes assurément de hautes qualités morales. (68:5)

اور یقیناً تو بہت بڑے خُلق پر فائز ہے۔

Et	وَ	اور
assurément tu	اِنَّكَ	یقیناً تو
possèdes des qualités morales	لَعَلٰى خُلُقٍ	ضرور خلق پر ہے
hautes	عَظِيْمٍ	بڑے / عظیم

5

لَقَدْ جَآءَكُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ عَزِيْزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيْصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِيْنَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ﴿١٢٨﴾

Assurément, un Messager de parmi vous-mêmes est venu à vous, qui s'afflige de vous voir en difficultés ; qui est plein de sollicitude à votre égard, qui est *particulièrement* compatissant et miséricordieux envers les croyants. (9:128)

یقیناً تمہارے پاس تمہی میں سے ایک رسول آیا۔ اسے بہت سخت شاق گزرتا ہے جو تم تکلیف اٹھاتے ہو (اور) وہ تم پر (بھلائی چاہتے ہوئے) حریص (رہتا) ہے۔ مومنوں کے لئے بے حد مہربان (اور) بار بار رحم کرنے والا ہے۔

Assurément	لَقَدْ	یقیناً
est venu à vous	جَآءَكُمْ	تمہارے پاس آیا
un Messager	رَسُوْلٌ	ایک رسول
de parmi vous-mêmes	مِّنْ اَنْفُسِكُمْ	تمہیں میں سے
il s'afflige	عَزِيْزٌ عَلَيْهِ	شاق گزرتا ہے اس پر
de vous voir en difficultés	مَا عَنِتُّمْ	جو تم نے تکلیف اٹھائی
plein de sollicitude	حَرِيْصٌ	حریص رہتا ہے
à votre égard	عَلَيْكُمْ	تم پر

envers les croyants	بِالْمُؤْمِنِيْنَ	مومنوں کے لئے
Il est compatissant	رَءُوْفٌ	بے حد مہربان
et miséricordieux.	رَّحِيْمٌ	بار بار رحم کرنے والا

6

فَلَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ
اِنْ لَّمْ يُؤْمِنُوْا بِهٰذَا الْحَدِيْثِ اَسَفًا ۝٦

Ainsi, il se peut que tu te désoles à en mourir pour eux s’ils ne croient pas à cette narration. (18:7)

پس کیا تُو شدتِ غم کے باعث اُن کے پیچھے اپنی جان کو ہلاک کر دے گا اگر وہ اس بات پر ایمان نہ لائیں۔

Ainsi, il se peut que tu	فَلَعَلَّكَ	پس شاید کہ تو
te désoles à en mourir	بَاخِعٌ	ہلاک کرنے والا
	نَّفْسَكَ	اپنی جان کو
pour eux	عَلٰٓى اٰثَارِهِمْ	ان کے پیچھے
s’ils ne croient pas	اِنْ	اگر
	لَّمْ	نہیں
	يُؤْمِنُوْا	وہ ایمان لائے

à cette narration	بِهٰذَا الْحَدِيْثِ	اس بات پر
de chagrin	اَسَفًا	غم کے باعث

7

هُوَ الَّذِيْ بَعَثَ فِي الْاُمِّيّٖنَ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ ۚ وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ۙ﴿۳﴾

C'est Lui Qui a suscité parmi les Illettrés un Messager qui est des leurs, qui leur récite Ses Signes, et les purifie, et leur enseigne le Livre et la Sagesse, bien qu'ils eussent été auparavant dans un égarement manifeste. (62:3)

وہی ہے جس نے اُمی لوگوں میں انہی میں سے ایک عظیم رسول مبعوث کیا۔ وہ اُن پر اس کی آیات کی تلاوت کرتا ہے اور انہیں پاک کرتا ہے اور انہیں کتاب کی اور حکمت کی تعلیم دیتا ہے جبکہ اس سے پہلے وہ یقیناً کھلی کھلی گمراہی میں تھے۔

C'est Lui Qui	هُوَ الَّذِيْ	وہی ہے جس نے
a suscité	بَعَثَ	مبعوث کیا
parmi les Illettrés	فِي الْاُمِّيّٖنَ	امی لوگوں میں
un Messager	رَسُوْلًا	ایک رسول

qui est des leurs	مِّنْهُمْ	انہی میں سے
Qui leur récite	يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ	وہ ان پر پڑھتا ہے
Ses Signes	اٰيٰتِهٖ	اس کی آیات
et les purifie	وَيُزَكِّيْهِمْ	اور وہ انہیں پاک کرتا ہے
et leur enseigne	وَيُعَلِّمُهُمُ	اور وہ انہیں سکھاتا ہے
le Livre	الْكِتٰبَ	کتاب
et la Sagesse	وَالْحِكْمَةَ	اور حکمت
bien qu'ils eussent été	وَاِنْ كَانُوْا	اگرچہ وہ تھے
auparavant	مِنْ قَبْلُ	اس سے پہلے
dans un égarement	لَفِيْ ضَلٰلٍ	گمراہی میں
manifeste.	مُّبِيْنٍ	کھلی کھلی

Hadiths احادیث

◆ RÈGLES ◆

- La traduction et l'interprétation du hadith vous sera demandée par écrit.
- نصاب میں دی گئی احادیث کا ترجمہ و تشریح تحریری طور پر پوچھا جائے گا۔

1 L'humilité du Saint Prophète (saw) et son service aux veuves et aux indigents

حضور ﷺ کی عاجزی اور بیواؤں اور مسکینوں کی خدمت

كَانَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يُكْثِرُ الذِّكْرَ، وَيُقِلُّ اللَّغْوَ، وَيُطِيلُ الصَّلَاةَ، وَيُقَصِّرُ الْخُطْبَةَ، وَلَا يَأْنَفُ اَنْ يَمْشِيَ مَعَ الْأَرْمَلَةِ وَالْمِسْكِينِ، فَيَقْضِيَ لَهُ الْحَاجَةَ.

Traduction : Hazrat Abdullah ibn Abi Awfa (ra) rapportait que le Messager d'Allah (saw) pratiquait beaucoup le dhikr et ne s'adonnait pas à des actes futiles, ce qui signifie qu'il mentionnait beaucoup Allah. Il allongeait la prière et raccourcissait le sermon, et il ne dédaignait pas de marcher avec une veuve et un indigent pour satisfaire leurs besoins.

(Sunan an-Nasa'i, Kitab al-Jumu'a, hadith 1415)

ترجمہ:۔ حضرت عبداللہ بن ابی اوفیؓ بیان کرتے تھے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کثرت سے ذکر کیا کرتے تھے اور بیکار کام نہیں کرتے تھے۔ یعنی ذکر الٰہی بہت کرتے تھے۔ نماز لمبی کرتے اور خطبہ مختصر دیتے۔ اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم بُرا نہیں مناتے تھے کہ آپؐ بیوہ اور مسکین کے ساتھ چلیں اور ان کی ضرورت پوری کریں۔

(سنن النسائی، کتاب الجمعۃ، باب ما یستحب من تقصیر الخطبۃ، حدیث 1415)

◆ تشریح از حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

خطبے کے آغاز میں حضورِ انور فرماتے ہیں:

ہم اس بات پر یقین اور ایمان رکھتے ہیں کہ دنیا میں اگر کوئی کامل انسان پیدا ہوا ہے تو وہ حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں۔ نہ آپؐ سے پہلے کوئی آپؐ جیسا کامل انسان پیدا ہوا نہ بعد میں پیدا ہو سکتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کے حقوق کی ادائیگی اور بندوں کے حقوق کی ادائیگی اور تمام اخلاق اور تمام انسانی صفات کے اعلیٰ ترین معیار آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات میں جمع ہیں۔ کوئی خُلق لے لیں آپؐ میں اس کے اعلیٰ ترین معیار موجود ہیں جو کسی دوسرے انسان میں نہ تھے، نہ ہیں اور نہ ہوں گے۔ انہی صفات اور اخلاق میں ایک خُلق عاجزی اور انکساری کا ہے جس کی اعلیٰ ترین مثال آپؐ میں پائی جاتی ہے۔ اپنے ماننے والوں کو بھی آپؐ نے ہمیشہ یہ نصیحت فرمائی کہ ایک مومن کو عاجزی کے خُلق کو ہمیشہ اپنی زندگی کا حصہ بنانے کی کوشش کرنی چاہیے۔

حدیث کے فوراً بعد فرماتے ہیں:

عاجزی کی یہ بھی حالت تھی۔ عبادت کے معیار تو تھے ہی تھے لیکن عاجزی کا بھی یہ حال تھا کہ کسی بھی مسکین اور بیوہ کی بات سننے کے لیے پورے صبر اور تحمل سے اس کو وقت دیا کرتے تھے۔

مزید ایک ضرورت مند خاتون کے واقعہ کے بعد فرماتے ہیں:

بہر حال روایت میں اس عورت کا نام اُمّ رُفَر بیان ہوا ہے جو حضرت خدیجہؓ کی خادمہ تھیں اور یہ اتنی زیادہ عقلمند نہیں تھیں۔ عقل میں تھوڑا سا نقص بھی ہو گا۔ بعض دفعہ کچھ ایسے ہوتے ہیں جو بات کو سمجھ نہیں سکتے۔ فہم اچھی طرح نہیں ہوتا۔ یہ نہیں کہ خدانخواستہ دماغی طور پر مفلوج تھیں لیکن بہر حال اتنی عقل والی بھی نہیں تھیں لیکن آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے جذبات کا بھی خیال رکھا۔

(خطبہ جمعہ 15 مئی 2026ء)

◆ Explication de Hazrat Khalifatul Massih V (aba)

Nous avons la conviction que si un être humain parfait a vu le jour dans ce monde, c'est le Saint Prophète Muhammad Mustafa (s.a.w.). Ni avant lui, un être humain parfait semblable à lui n'est né, ni après lui un tel être ne pourra naître. L'accomplissement des droits d'Allah le Très-Haut et l'accomplissement des droits des serviteurs, ainsi que les plus hauts standards de toutes les qualités morales et humaines, sont réunis en la personne du Saint Prophète (s.a.w.). Prenez n'importe quelle vertu, il en possédait les plus hauts critères, qui n'existaient, n'existent et n'existeront jamais chez aucun autre être humain.

Parmi ces vertus et qualités, il y a celle de l'humilité et de la modestie, dont la plus haute illustration se trouve en sa personne.

Il a également toujours conseillé à ses disciples qu'un croyant doit s'efforcer de toujours faire de la vertu de l'humilité une partie intégrante de sa vie.

C'était l'apogée de l'humilité. Ses critères d'adoration étaient certes élevés, mais son humilité était telle [également] qu'il accordait son temps, avec une patience et une indulgence totales, pour écouter n'importe quel indigent et veuve.

Quoi qu'il en soit, certains récits mentionnent également à propos de cette femme que son nom était Umm-e-Zufar, et qu'elle était la servante de Sayyida Khadija. Et qu'elle n'était pas très douée intellectuellement, elle avait un léger défaut, comme cela arrive parfois quand une personne ne peut pas comprendre les choses et dont le discernement n'est pas très aiguisé. Ce n'est pas, Dieu nous en préserve, qu'elle était mentalement affaiblie, mais elle n'était pas non plus très intelligente. Mais même dans son cas, le Saint Prophète (s.a.w.) a tenu compte de ses sentiments.

(Sermon du vendredi du 15 mai 2026)

2 La vérité mène à la vertu et au Paradis

سچائی نیکی اور جنت کی طرف لے جاتی ہے

عَلَيْكُمْ بِالصِّدْقِ، فَإِنَّ الصِّدْقَ يَهْدِي إِلَى الْبِرِّ، وَإِنَّ الْبِرَّ يَهْدِي إِلَى الْجَنَّةِ، وَمَا يَزَالُ الرَّجُلُ يَصْدُقُ وَيَتَحَرَّى الصِّدْقَ حَتَّى يُكْتَبَ عِنْدَ اللّٰهِ صِدِّيقًا، وَإِيَّاكُمْ وَالْكَذِبَ، فَإِنَّ الْكَذِبَ يَهْدِي إِلَى الْفُجُورِ، وَإِنَّ الْفُجُورَ يَهْدِي إِلَى النَّارِ، وَمَا يَزَالُ الْعَبْدُ يَكْذِبُ وَيَتَحَرَّى الْكَذِبَ حَتَّى يُكْتَبَ عِنْدَ اللّٰهِ كَذَّابًا.

Traduction : Hazrat Abdullah ibn Mas'ud (ra) rapporte dans un récit que le Messager d'Allah (saw) a dit : « La vérité vous est obligatoire car la vérité mène à la vertu et la vertu mène au Paradis. Et quiconque dit constamment la vérité et cherche la vérité, jusqu'à ce qu'il soit inscrit auprès d'Allah comme un véridique (Siddiq). Et vous, évitez le mensonge, car le mensonge mène à la perversité, et la perversité mène au feu. Et l'homme continue de mentir et cherche à mentir, jusqu'à ce qu'il soit inscrit auprès d'Allah comme un grand menteur. » Et quand il est inscrit comme un grand menteur, il se dirige vers le feu.

(Jami' at-Tirmidhi, Kitab al-Birr wa as-Sila, hadith 1971)

ترجمہ :۔ایک روایت میں آتا ہے حضرت عبداللہ بن مسعودؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا : تم پر سچ فرض ہے کیونکہ سچ نیکی کی طرف لے جاتا ہے اور نیکی جنت کی طرف لے جاتی ہے اور کوئی شخص مسلسل سچ بولتا ہے اور سچ کی جستجو میں لگا رہتا ہے یہاں تک کہ وہ اللہ کے ہاں صدیق لکھا جاتا ہے۔اور تم لوگ جھوٹ سے بچو کیونکہ جھوٹ بدکاری کی طرف لے جاتا ہے اور بدکاری آگ کی طرف لے جاتی ہے اور آدمی جھوٹ بولتا چلا جاتا ہے اور جھوٹ بولنے کی جستجو کرتا ہے یہاں تک کہ وہ اللہ کے ہاں کذّاب لکھا جاتا ہے اور جب کذّاب لکھا جاتا ہے تو وہ آگ کی طرف جاتا ہے۔

(جامع الترمذی، کتاب البر والصلۃ، باب ماجاء في الصدق والکذب، حدیث 1971)

◆ تشریح از حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

اخلاق صرف یہ نہیں ہے کہ کسی سے خوش اخلاقی سے مل لیا یا سلام کر لیا بلکہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اسوہ کے مطابق تو ساری جو نیکیاں ہیں اور لوگوں سے جو معاملات ہیں ان میں ان کا اظہار جو ہے وہ اعلیٰ اخلاق ہیں جس کی طرف توجہ دینے کی ضرورت ہے۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سچائی کو دنیا میں پھیلانے کے لیے آئے تھے۔اس لیے مختلف موقعوں پر آپؐ پر ایمان لانے والوں کو بھی آپؐ نے سچائی پر قائم رہنے کی تلقین فرمائی۔

حدیث بیان کرنے کے بعد:

پس یہ بڑے خوف کا مقام ہے۔

مزید جھوٹ کے متعلق فرماتے ہیں:

لوگ بعض مذاق میں کہتے ہیں کہ جی ہم نے مذاق کیا تھا جھوٹ بولا تھا۔یہ مذاق میں بھی جائز نہیں ہے۔

(خطبہ جمعہ 17 اپریل 2026ء)

◆ Explication de Hazrat Khalifatul Massih V (aba)

La moralité n'est donc pas seulement d'être aimable avec quelqu'un, de le saluer, mais selon l'exemple de l'Envoyé d'Allah (s.a.w.), l'expression de toutes les vertus et des interactions avec les gens, c'est cela la haute moralité. Il est nécessaire d'y prêter attention. Le Saint Prophète (s.a.w.) est venu pour propager la vérité dans le monde, c'est pourquoi, à diverses occasions, il a exhorté ceux qui croyaient en lui à persévérer dans la vérité.

C'est donc une situation très effrayante.

Les gens disent parfois en plaisantant : « Oh, nous plaisantions, nous avons menti. »

Ce n'est pas permis, même en plaisantant.

(Sermon du vendredi du 17 avril 2026)

3 L'interdiction de rapporter tout ce que l'on entend

ہر سنی سنائی بات بیان کرنے کی ممانعت

كَفَى بِالْمَرْءِ كَذِبًا اَنْ يُحَدِّثَ بِكُلِّ مَا سَمِعَ.

Traduction : À ce propos, il est rapporté dans un récit de Hafs bin Asim que le Saint Prophète (s.a.w.) a dit : « Il suffit pour une personne d'être considérée comme menteuse qu'elle rapporte aux gens tout ce qu'elle entend. »

(Sahih Muslim, Muqaddima, hadith 5)

ترجمہ:۔ حفص بن عاصم سے روایت ہے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا : انسان کے جھوٹے ہونے کے لیے یہی علامت کافی ہے کہ وہ ہر سنی سنائی بات لوگوں میں بیان کرتا پھرے۔

(صحیح مسلم، مقدمہ، باب النھي عن الحدیث بکل ما سمع، حدیث 5)

◆ تشریح از حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

حدیث کے فوراً بعد حضورِ انور فرماتے ہیں:

اب دیکھیں! یہ عادت عموماً لوگوں میں ہوتی ہے۔ جماعت میں بھی یہ برائی بعض لوگوں میں بہت زیادہ ہے۔ مجھے بھی بعض لوگ کسی کے بارے میں لکھ دیتے ہیں کہ اس نے یہ کیا اور وہ کیا۔ اور جب تحقیق کرو تو بات غلط نکلتی ہے۔ اور جب لکھنے والے سے پوچھا جائے کہ تمہیں کس نے کہا؟ یہ بات تو غلط ہے تو کہہ دیتے ہیں کہ ہم نے سنا تھا اور اس سننے پر ہی وہ دنیا میں شور مچا دیتے ہیں۔ ایسے لوگوں کو غور کرنا چاہیے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایسے لوگوں کو جھوٹا قرار دیا ہے۔

اسی خطبے میں مزید فرماتے ہیں:

بعض لوگ بعض باتیں صرف اپنے زبان کے مزے کے لیے یا لطف اٹھانے کے لیے کرتے ہیں اور بعض دفعہ کسی کو معاشرے میں بدنام کرنے کے لیے بھی باتیں ہو رہی ہوتی ہیں، کسی بھی صورت میں نقصان پہنچانے کے لیے بات کر رہے ہوتے ہیں۔ پس ایسے لوگوں کو ہمیشہ یاد رکھنا چاہیے کہ یہ قابل مؤاخذہ ہے۔ اللہ تعالیٰ اس کی پکڑ کرتا ہے۔ اس کی سزا دیتا ہے۔ پس بہت خوف کا مقام ہے اور بہت استغفار کی ضرورت ہے۔

(خطبہ جمعہ 24 اپریل 2026ء)

◆ Explication de Hazrat Khalifatul Massih V (aba)

Voyez maintenant, cette habitude se retrouve généralement chez les gens, et même au sein de la communauté ce mal est très prononcé chez certains. Certaines personnes m'écrivent également à propos d'untel ou d'untel, rapportant qu'il a fait ceci et cela. Quand on enquête, l'information se révèle fausse. Et quand on interroge l'auteur de ces écrits, en lui signalant que c'est faux et en lui demandant qui lui a dit cela, il répond qu'il l'a entendu dire. Et sur la base de ce seul ouï-dire, ces gens provoquent un grand tumulte dans le monde.

Ces gens devraient considérer que le Prophète (s.a.w.) a qualifié de menteurs de tels individus.

Certaines personnes disent certaines choses uniquement pour le plaisir ou pour s'amuser, et parfois, des propos sont tenus dans le but de discréditer quelqu'un dans la société. Ils s'expriment pour causer du tort en toutes circonstances. Ces personnes devraient toujours se rappeler qu'elles en seront tenues responsables. Allah les tient pour responsables et les châtie. C'est un grand motif de crainte et il y a un grand besoin de demander pardon.

(Sermon du vendredi du 24 avril 2026)

4 Le Saint Prophète (saw) prend en charge les dettes des croyants

قرض دار مومنوں کی ذمہ داری قبول فرمانا

رَسُولَ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ كَانَ يُؤْتَى بِالرَّجُلِ الْمُتَوَفَّى عَلَيْهِ الدَّيْنُ، فَيَسْأَلُ: «هَلْ تَرَكَ لِدَيْنِهِ فَضْلًا؟» فَإِنْ حُدِّثَ أَنَّهُ تَرَكَ لِدَيْنِهِ وَفَاءً صَلَّى، وَإِلَّا قَالَ لِلْمُسْلِمِينَ: «صَلُّوا عَلَى صَاحِبِكُمْ». فَلَمَّا فَتَحَ اللَّهُ عَلَيْهِ الْفُتُوحَ قَالَ: «أَنَا أَوْلَى بِالْمُؤْمِنِينَ مِنْ أَنْفُسِهِمْ، فَمَنْ تُوُفِّيَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ فَتَرَكَ دَيْنًا فَعَلَيَّ قَضَاؤُهُ، وَمَنْ تَرَكَ مَالًا فَلِوَرَثَتِهِ».

Traduction : Il est rapporté d'Abou Hurairah que lorsque le cortège funèbre d'une personne endettée était présenté au Messager d'Allah (s.a.w.), il demandait : « A-t-il laissé des biens pour régler sa dette ? » Si les gens répondaient « oui », il accomplissait la prière funéraire pour lui ; sinon, il disait aux musulmans : « Accomplissez vous-mêmes la prière funéraire de votre compagnon. » Lorsque Allah lui accorda des victoires, il déclara : « Je suis plus proche des musulmans que leurs propres parents. C'est pourquoi, si un croyant meurt et laisse une dette, il m'incombe de la rembourser ; et s'il laisse des biens, ils reviennent à ses héritiers.»

(Sahih al-Bukhari, Kitab al-Kafala, hadith 2298)

ترجمہ:۔ حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس جب کسی ایسے شخص کا جنازہ آتا جس پر قرضہ ہوتا تو آپؐ پوچھتے آیا اس نے اپنا قرضہ چکانے کے لیے کچھ مال چھوڑا ہے؟ اگر لوگ کہتے ہاں تو آپؐ اس پر نماز جنازہ پڑھتے ورنہ مسلمانوں سے کہتے تم اپنے ساتھی کی نماز جنازہ پڑھ لو۔ جب اللہ نے آپؐ کو فتوحات دیں تو آپؐ نے فرمایا : میں مسلمانوں کا ان کے رشتہ داروں سے بھی زیادہ قریبی ہوں۔ اس لیے مومنوں میں سے جو فوت ہو اور وہ قرضہ چھوڑ جائے تو اس کا ادا کرنا میرے ذمے ہے۔ اور جو کوئی مال چھوڑ جائے تو وہ اس کے وارثوں پر ہے۔

(صحیح بخاری، کتاب الکفالۃ، باب الدَّین، حدیث 2298)

◆ تشریح از حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

حدیث کے فوراً بعد فرماتے ہیں:

قرضہ ہے تو اسے میں ادا کروں گا۔ لیکن اگر وراثت میں مال چھوڑا ہے تو پھر وہ وارثوں کا ہے۔

(خطبہ جمعہ 19 جون 2026ء)

◆ Explication de Hazrat Khalifatul Massih V (aba)

S’il y a une dette, je la paierai, mais s’il a laissé des biens en héritage, alors ils appartiennent aux héritiers.

(Sermon du vendredi du 19 juin 2026)

5 Seul demeure le bien distribué dans la voie d'Allah

اللہ کی راہ میں تقسیم کیا ہوا مال ہی باقی رہتا ہے

عَنْ عَائِشَةَ اَنَّهُمْ ذَبَحُوا شَاةً، فَقَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «مَا بَقِيَ مِنْهَا؟» قَالَتْ: مَا بَقِيَ مِنْهَا اِلَّا كَتِفُهَا. قَالَ: «بَقِيَ كُلُّهَا غَيْرَ كَتِفِهَا».

Traduction : Voici ensuite un autre exemple de sa propre conduite à ce sujet. Aïcha (r.a.) raconte qu'elle fit abattre une chèvre, en distribua la viande aux pauvres et en garda une partie pour en consommer à la maison. Le Saint Prophète (s.a.w.) a demandé : « Quelle quantité de viande reste-t-il ? » Aïcha (r.a.) a répondu : « Il ne reste que la patte avant (de la chèvre). » En entendant cela, le Saint Prophète (s.a.w.) a dit : « Tout ce que tu as distribué a été sauvé, sauf cette patte avant, car elle n'a été d'aucune utilité pour quiconque. Tu l'as gardée pour notre repas. Dans l'au-delà, seul ce que tu auras dépensé te sera utile. »

(Jami' at-Tirmidhi, Kitab Sifat al-Qiyama, hadith 2470)

ترجمہ:۔ حضرت عائشہؓ بیان کرتی ہیں کہ انہوں نے ایک بکری ذبح کروائی اور اس کا گوشت غرباء میں تقسیم کیا اور کچھ گھر میں بھی کھانے کے لیے رکھ لیا۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت فرمایا کہ کس قدر گوشت بچ گیا ہے؟ حضرت عائشہؓ نے جواب دیا صرف دستی بچی ہے۔ اگلی ٹانگ جو تھی بکری کی۔ یہ سن کر حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: سارا مال بچ گیا جو تم نے تقسیم کر دیا سوائے اس دستی کے جو ہمارے کھانے کے لیے تم نے رکھی ہے کیونکہ یہ تو کسی کے کام نہیں آئی۔ اگلے جہان میں تو وہی کام آئے گا جو تم نے خرچ کر دیا۔

(جامع الترمذی، کتاب صفۃ القیامۃ، حدیث 2470)

◆ تشریح از حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

مال خرچ کرنے کے متعلق حضورِ انور فرماتے ہیں:

پس آپؐ نے کہا کہ تمہارا مال تو وہ ہے جو تم نے خرچ کیا لیکن سب سے بہتر مال وہی ہے جو تم نے صدقہ کر دیا اور تم نے اللہ تعالیٰ کے حضور اس کو پیش کر دیا۔ اس کے بندوں کے حق ادا کرنے کے لیے پیش کر دیا۔ اس کی راہ میں خرچ کر دیا۔ اور یہ مال تمہیں اگلے جہان میں کئی گنا ہو کر ملے گا۔ اس لیے اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ ان کو کوئی خوف نہیں ہو گا جیسا کہ آیت میں بتایا تھا اور نہ وہ غمگیں ہوں گے کیونکہ وہ قربانیاں جو انہوں نے کی ہیں، وہ جُود و سخا جو انہوں نے کی ہے، جو مال اپنا دوسروں پہ خرچ کیا ہے وہ ان کو اگلے جہان میں ملے گا۔

پھر فرماتے ہیں:

جو تم نے آگے بھیج دیا، اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کر دیا، غریبوں کی مدد کی وہ سب سے بہتر ہے۔ اس کا تمہیں آخر میں اجر ملے گا جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں فرمایا۔

حضرت عائشہؓ کی روایت کے بیان سے قبل:

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا اپنا عمل مال کے بے دریغ خرچ کرنے اور اللہ تعالیٰ پر توکل کرنے کے بارے میں کیا تھا۔

اسی سلسلے میں مزید فرماتے ہیں:

جُود و سخا کی صفت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ بابرکات میں بعثت سے قبل بھی بدرجہ اتم پائی جاتی تھی۔

(خطبہ جمعہ 12 جون 2026ء)

◆ Explication de Hazrat Khalifatul Massih V (aba)

Ainsi, le meilleur bien, a-t-il dit, est ce que vous avez dépensé, mais le meilleur bien est celui que vous avez donné en aumône et que vous avez présenté à Allah le Tout-Puissant, que vous avez présenté pour accomplir les droits de Ses serviteurs, que vous avez dépensé dans Sa voie. Ces biens vous seront rendus multipliés plusieurs fois dans l'au-delà. C'est pourquoi Allah le Très-Haut a dit qu'ils n'auront aucune crainte, comme mentionné dans le verset, et qu'ils ne seront pas attristés, car les sacrifices qu'ils ont faits, la générosité dont ils ont fait preuve et les biens qu'ils ont dépensés pour autrui, tout cela leur sera rendu dans l'au-delà.

Ce que vous avez envoyé en avance, dépensé dans le chemin d'Allah, et l'aide que vous avez apportée aux pauvres, cela est le meilleur. Vous en serez récompensés dans l'au-delà, comme Allah Tout-Puissant l'a dit dans le Saint Coran. Quelle était la pratique du Prophète (s.a.w.) concernant la dépense généreuse de ses biens et sa confiance en Allah Tout-Puissant ?

La qualité de générosité et de bienfaisance était pleinement présente dans la personne bénie du Messager d'Allah (s.a.w.) même avant sa mission prophétique.

(Sermon du vendredi du 12 juin 2026)

6 La simplicité fait partie de la foi

سادگی ایمان کا حصہ ہے

عَنْ اَبِي اُمَامَةَ قَالَ: ذَكَرَ اَصْحَابُ رَسُولِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَوْمًا عِنْدَهُ الدُّنْيَا، فَقَالَ رَسُولُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: «اَلَا تَسْمَعُونَ، اَلَا تَسْمَعُونَ، اِنَّ الْبَذَاذَةَ مِنَ الْاِيمَانِ، اِنَّ الْبَذَاذَةَ مِنَ الْاِيمَانِ».

Traduction : Le Saint Prophète Muhammad (s.a.w.) a déclaré que la simplicité fait partie de la foi. Selon une narration d'Abou Oumâmah (qu'Allah l'agrée), les compagnons du Messager d'Allah (s.a.w.) évoquèrent un jour, en sa présence, les affaires de ce monde. Le Messager d'Allah (s.a.w.) leur dit : « N'entendez-vous donc pas ? N'entendez-vous donc pas ? Assurément, la simplicité fait partie de la foi. Assurément, la simplicité fait partie de la foi. »

(Sunan Abi Dawud, Kitab at-Tarajjul, hadith 4161)

ترجمہ:۔آپؐ نے فرمایا کہ سادگی ایمان میں سے ہے۔ایک روایت میں آتا ہے حضرت ابوامامہؓ بیان کرتے ہیں کہ ایک دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہؓ نے آپؐ کے پاس دنیا کا ذکر کیا۔رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا : کیا تم نہیں سنتے! کیا تم نہیں سنتے ! یقیناً سادگی ایمان کا حصہ ہے۔یقیناً سادگی ایمان کا حصہ ہے۔

(سنن ابی داؤد، کتاب الترجل، باب النهي عن كثير من الإرفاه، حدیث 4161)

◆ تشریح از حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز

حضورِ انور فرماتے ہیں:

یہ آیت وہ ہے جس میں اللہ تعالیٰ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے اعلان کروا رہا ہے کہ لوگوں میں یہ اعلان کر دو کہ میں تمہیں جو خدا تعالیٰ کا پیغام پہنچا رہا ہوں، تمہاری بہتری کے راستے دکھا رہا ہوں، یہ صرف اور صرف تمہاری دنیا و عاقبت سنوارنے کے لیے ہے۔ تمہارے فائدے کے لیے ہے۔ مجھے اس کام کے عوض تمہارے سے کچھ نہیں چاہیے اور مجھے تمہارے سے کسی چیز کے چاہنے کی ضرورت بھی کیا ہے۔ مجھے تو اس کا اجر سب خزانوں کے مالک سے مل رہا ہے۔ میری زندگی ان تکلّفات سے پاک ہے اور جب زندگی تکلّفات سے پاک ہو تو پھر ان دنیاوی اجروں کی ضرورت ہی کیا ہے!

سادہ اور تکلّف سے پاک زندگی گزارنے والے کی تو دنیاوی خواہشات ہوتی ہی نہیں اور جو دنیاوی ضروریات کی چیزیں ہیں وہ خود اللہ تعالیٰ مہیا کر دیتا ہے۔

یہ سادگی کا وہ اظہار ہے جو آپؐ کے عظیم اُسوے سے ہر وقت ظاہر ہوتا ہے۔ جس کا اظہار مختلف موقعوں پر آپؐ کی زندگی میں ہمیں نظر آتا ہے اور آپؐ کی مومنوں کو بھی یہ نصائح ہیں کہ اپنے آپ کو سادہ رکھو اور تکلّفات سے پاک کرو۔

متعلقہ حدیث کے فوراً بعد:

دو دفعہ مخاطب کر کے آپؐ نے توجہ دلائی۔

سادگی اور قناعت کے سلسلے میں مزید فرماتے ہیں:

سوال سے انسان اسی وقت بچ سکتا ہے جب سادگی ہو اور قناعت ہو۔ یہ نہیں کہ ذرا سی ضروریات ہوں تو خواہشات پوری کرنے کے لیے آدمی غلط کام کرنے لگ جائے یا شکوے کرنے لگ جائے۔

(خطبہ جمعہ 16 اکتوبر 2026ء)

◆ Explication de Hazrat Khalifatul Massih V (aba)

